© rasailojaraid.com



جناب شفیق الدین فاروقی

# دارالعلوم کے شب وروز

**حضرت مہتمم صاحب ودیگراساتذہ کرام کاسفرحج:** الحمدللہ امسال بھی دارالعلوم حقانیہ کے مہتمم صاحب ونائب مہتمم اورکئی اساتذہ نے حج کی سعادت حاصل کی ۔ اِن میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ' مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ' مولانا حامدالحق حقانی' مولانا مفتی مختار اللہ حقانی' مولانا عرفان الحق' مولانا سلمان الحق' مولانا سید احمد شاہ' مولانا قاری شفیع اللہ' مولانا حمایت الحق' صاجبزادہ اسامہ سمیع' عبدالحق ثانی شامل تھے۔

**وفاق المدارس العربیہ پاکستان کاکراچی میں اجلاس:** وفاق المدارس العربیہ پاکستان کا اجلاس کراچی میں مورخہ ۱۵رنومبر ۲۰۱۲ء کوزیرصدارت مرکزی صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان مدظلہ میں منعقد ہوا۔جس میں حضرت مہتمم مولانا سمیع الحق صاحب' اورنائب مہتمم اوروفاق کے مرکزی نائب صدر حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ نے شرکت کی۔ اجلاس میں مدارس دینیہ پر چھاپے اورجامعہ احسن العلوم کے بے گناہ معصوم طلباء کی شہادتوں کاذکر بالخصوص زیربحث لایا گیا۔

**صحافیوں اورمہمانوں کی دارالعلوم آمد:** ۱۰رنومبر ۲۰۱۲ء کو ڈاکٹر اینڈریو' چیئرمین ادارہ سالٹ ہالینڈ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ سے ملنے کے لئے ان کی رہائش گاہ پرتشریف لائے۔
ان کے ہمراہ جناب کامران مائیکل سینیٹر (سابق صوبائی وزیرخزانہ پنجاب) بشپ ڈاکٹرآزاد مارشل بشپ آف گلف و ایران' مسٹرشیلنگ ہالینڈ' پادری روفیس صاحب اور پادری شہزادگل صاحب بھی تھے۔انہوں نے دارالعلوم کے مختلف شعبہ جات کا معائنہ کیااورحضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ ودیگراساتذہ کرام سے تبادلہ خیال کیا۔ دوران گفتگو ڈاکٹر اینڈریو نے اس بات کا کھل کراعتراف کیاکہ ہم نصاریٰ مسلمانوں سے تمام تر زیادتیوں پر معافی مانگتے ہیں۔ اورمسلمانوں کی اپنے مذہب اورخصوصاً مسجدوں کے ساتھ وابستگی ہم نصاریٰ کیلئے ایک بہت بڑا درسِ عبرت ہے۔ انہوں نے امریکہ اورمغربی ممالک کی اسلام پر دوطرفہ یلغار پرکھل کرتنقید کی کہ یہ ان کے سیاسی ایجنڈے کا حصہ ہے' عیسائیت کی یہ تعلیمات نہیں کہ وہ مسلمانوں یاعالم اسلام کاخاتمہ کرے۔

**جامعہ میں تعطیلات عیدالاضحیٰ کے بعددوبارہ اسباق شروع:**

۱۰رنومبر ۲۰۱۲ بروز ہفتہ سے جامعہ دارالعلوم حقانیہ میں ۱۵ دن کی عیدالاضحیٰ کی تعطیلات ختم ہونے کے بعد دوبارہ اسباق حسب سابق شروع کیئے گیے۔

© rasailojaraid.com